# میسرز اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ ملز لمیٹڈ۔ ملتان

## کارپوریٹ حکمت عملی

### مجموعی طور پر کارپوریٹ حکمت عملی اور مقاصد

ہم میسرز اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ ملز لمیٹڈ (کمپنی) کی مسابقتی پوزیشن کو برقرار رکھنے کے لیے بہترین تکنیکی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تنوع کے ذریعے ترقی کے نئے مواقع تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے حصص داران و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی قدر میں بھی اضافہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ہماری حتمی حکمت عملی کا مقصد ملک میں ایک اعلیٰ درجے کا شراکت دار بننے کے لیے اپنی متواتر پیداواری صلاحیت میں بہتری لانا، علاوہ ازیں اپنے منافع اور قدر میں بھی اضافہ کرنا ہے۔

### مختصر، درمیانی اور طویل مدتی حکمتِ عملی کے مقاصد

جہاں تک قلیل مدتی مقاصد کا تعلق ہے، ہم اس کے ذریعے اپنے کاموں میں بہتری اور لاگت میں کمی لا کر کارکردگی کو بہتر بنائیں گے۔ درمیانی مدت میں ہم جدید ترین مشینری اور بہتر کسٹمر مینجمنٹ میں سرمایہ کاری کر کے اپنے بنیادی کاروبار میں توسیع کے ذریعے ترقی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ہمارا مقصد کاروبار میں برتری حاصل کرنا اور متعلقہ متنوع حکمت عملی کے ذریعے طویل دورانیہ میں پیداری صلاحیت میں بھی گونا گونی حاصل کرنا ہے۔

### انتظامی مقاصد اور مقاصد کو پورا کرنے کے لیے حکمت عملی

ہمارا حتمی مقصد مقامی ٹیکسٹائل انڈسٹری میں ایک ابھرتی ہوئی کمپنی بن کر، مسلسل بہتری اور اُس کے ثمرات کی اراکین تک رسائی کے لیے آپریشنز اور منافع میں اضافہ مجموعی کارپوریٹ اور اسٹریٹجک مقاصد کے حصول کو یقینی بنانا ہے۔

ہم بہترین معیار کی مصنوعات فراہم کرنے کی کوشش کریں گے۔ ہمیں یقین ہے کہ مطلوبہ مقاصد کے حصول میں بنائی گئی مستقل حکمت عملی کے باعث ہم مسابقت، مصنوعات کی تنوع، اعلی قیمت کی مصنوعات میں مسلسل ترقی اور ایک مضبوط کسٹمر تعلقات میں بہت کامیاب رہے ہیں۔

تنوع اور ہماری مصنوعات کے مرکب کے تناسب کو بڑھانے کے مواقع تلاش کرنا، زیادہ معیاری مصنوعات کی تیاری سے ہم اعلی درجے کی مصنوعات کو برقرار رکھ کر متنوع مارکیٹوں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

ہم پیداواری صلاحیت بڑھانے اور منافع کو بہتر بنانے کے لیے موجودہ وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بناتے ہیں۔

ہم اپنی انسانی وسائل کی پالیسیوں کو بحال کرنے، ان کو بہتر بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کے لئے معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (SOPs) پر عمل کی مسلسل کوشش کرتے ہیں۔

ہم نے مجموعی کوالٹی مینجمنٹ فنکشنز کو لاگو کیا ہے جس کے ذریعہ صحت، حفاظت اور ماحولیات پر فعال توجہ کے ذریعے اخراجات میں عدم مطابقت کو کم کرنا چاہتے ہیں۔

ہم اپنی ملز کی جگہ پر صفر مہلک حادثات حاصل کرنے کا رجحان رکھتے ہیں اور ملازمین کی وسیع تربیت اور ذاتی شمولیت کی ثقافت پیدا کرنے کے اقدامات کے ذریعے اور ذمہ داری سے اس کا یقین رکھتے ہیں کہ ہم اس مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں۔

.